مطبوعات

ECONOMIC SYSTEM OF ISLAM

انگریزی ترجمہ از پروفیسر ریاض حسین - ایم - اے -

اصل اُردو تصنیف : از مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ -

مرتب کردہ: پروفیسر خورشید احمد اسینیرٹ - ناشر : اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ، ۱۳ - ای شاہ عالم مارکیٹ لاہور

بہت بڑا کام جو کئی برس سے ہمارے سامنے ہے اور ضرورت کے مقابلے میں مدھم رفتار سے آگے بڑھ رہا ہے وہ مولانا مودودیؒ کی کتابوں اور تحریک اسلامی کے لٹریچر کے انگریزی ترجمے کا کام ہے - اس کے بغیر نہ تو اندرونِ ملک ہم اُردو نا آشنا ذہین طبقوں اور حکام اور افسروں کے طبقوں تک اپنی بات پہنچا سکتے ہیں، نہ اس مغربی دُنیا کو اپنی اسلامی فکر سے آگاہ کر سکتے ہیں جس کے اختیار کردہ نظریات کے خلاف ہم معرکہ آرا ہیں - بلکہ انگریزی لٹریچر کی ضرورت خود عالمِ اسلام کے بھی ایک بڑے حصے میں ہے - خصوصاً معاشیات کا موضوع جس سے اس کتاب کا تعلق ہے اسے بہت پہلے انگریزی زبان میں آ جانا چاہیے تھا -

اس کام کے لیے سرمایے کی مشکل کے علاوہ بڑا مسئلہ مردانِ کار کا ہے - پاکستان میں اس صلاحیت کے اصحاب بہت زیادہ نہیں ہیں جو اُردو سے انگریزی میں اچھا ترجمہ کر سکیں - پھر ہماری دسترس کا دائرہ محدود ہے - جن چند اصحاب نے ترجمے کا یہ کام کیا ہے اور اب کر رہے ہیں ان میں سے ایک شخصیت جواں سال پروفیسر ریاض حسین صاحب کی بھی ہے -

اصل کتاب جسے اُردو میں وسیع التعداد قارئین نے پڑھا ہے، کسی تعارف کی محتاج نہیں - اس میں معاشیات کے بالکل ابتدائی اسلامی اصولوں سے لے کر ملکیت، زمینداری و مزارعت، محنت کاروں کے حقوق اور بینکنگ بلاسود تک کے بہت سے مباحث شامل ہیں -